# پریس ریلیز

**صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین کا گوجرانوالہ چیمبر کا دورہ، اسٹیٹ فور میں 5 میگاواٹ گرڈ اسٹیشن کا افتتاح**

***گوجرانوالہ چیمبر ڈرائی پورٹ پر عملی کام کا آغاز کرے، وفاقی و صوبائی منظوریاں خود لے کر دوں گا: چوہدری شافع حسین***

**گوجرانوالہ:** صوبائی وزیر انڈسٹری، کامرس و انویسٹمنٹ چوہدری شافع حسین نے گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (GCCI) کا دورہ کیا اور چیمبر میں منعقدہ ایک اہم اجلاس سے خطاب کیا۔ چیمبر آمد سے قبل انہوں نے صدر چیمبر شیخ غلام حسین جج، سینئر نائب صدر محمد ارشد مغل، نائب صدر رانا محمد فرحان اصغر، ہیڈ پنجاب ایشیا انویسٹمنٹ اینڈ کوآپریشن وہاب طارق بٹ اور ایم ڈی پی ایس آئی سی (PSIC) مبین الٰہی کے ہمراہ 8 سال سے غیر فعال اسمال انڈسٹریل اسٹیٹ فور میں 5 میگاواٹ کے گرڈ اسٹیشن کا باضابطہ افتتاح کیا۔

اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چوہدری شافع حسین نے کہا کہ گوجرانوالہ چیمبر ڈرائی پورٹ منصوبے پر فوری عملی کام شروع کرے، وفاقی اور صوبائی سطح پر درکار تمام منظوریاں اور دستاویزات وہ خود لے کر دیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ وزیراعلیٰ پنجاب نے گوجرانوالہ کی پرانی انڈسٹریل اسٹیٹس کی بحالی اور باؤنڈری والز کے لیے فنڈز منظور کر لیے ہیں، جبکہ اسٹیٹ فور میں بینکوں کے قیام کے لیے کمرشل ایریا لانچ کرنے کی تجویز بھی زیرِ غور ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ کی بلاسود آسان کاروبار اسکیم سے 72 فیصد تاجروں نے استفادہ کیا ہے، جبکہ ہانگ کانگ چیمبر کے ساتھ مفاہمتی یادداشت (MoU) کے بعد چینی کمپنیاں پاکستان منتقل ہو رہی ہیں اور جلد الیکٹرک بائیکس کے اسمبلنگ پلانٹس اور ای وی (EV) چارجنگ اسٹیشنز بھی نصب کیے جائیں گے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے دور میں عوامی فلاح و بہبود کے بہت سے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ فضائی آلودگی کے حوالے سے ان کا کہنا تھا کہ اس پر قابو پانے کے لیے پنجاب حکومت بھرپور کام کر رہی ہے، تاہم تمام صنعتوں کو بھی چاہیے کہ اپنا ویسٹ (Waste) خود ٹھکانے لگائیں۔

ہیڈ پنجاب ایشیا انویسٹمنٹ اینڈ کوآپریشن وہاب طارق بٹ نے خطاب کرتے ہوئے واضح کیا کہ انڈسٹریل اسٹیٹس میں پلاٹنگ کا کلچر ختم کر دیا گیا ہے اور نئے گوجرانوالہ انڈسٹریل پارک میں 2 سال کے اندر پیداوار شروع نہ کرنے والے الاٹیز کے پلاٹ منسوخ کر دیے جائیں گے۔ انہوں نے زیرو ڈیوٹی اور 10 سالہ ٹیکس چھوٹ کے حامل شیخوپورہ ٹیکسٹائل سٹی میں گوجرانوالہ کے صنعتکاروں کو جگہ دینے اور چیمبر کے ساتھ مل کر انڈسٹریل پارک کی منصوبہ بندی کرنے کا اعلان بھی کیا۔

صدر چیمبر شیخ غلام حسین جج نے اسٹیٹ فور میں گرڈ اسٹیشن کے افتتاح کو تاریخی پیشرفت قرار دیتے ہوئے چوہدری شافع حسین کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ عالمی الیکٹریکل اپلائنسز مارکیٹ میں حصہ لینے کے لیے گوجرانوالہ میں بین الاقوامی معیار کی جدید ٹیسٹنگ لیبارٹری قائم کی جائے۔ انہوں نے میٹل انڈسٹری کے لیے عالمی اداروں کے تعاون سے ماحولیاتی پلانٹس فراہم کرنے، انڈسٹریل پارک میں بنیادی سہولیات کی فراہمی اور مؤثر ایکسپورٹ فنانسنگ شروع کرنے پر بھی زور دیا۔

اجلاس میں ریجنل بزنس ہیڈ بینک آف پنجاب رضا شاہد نے آسان کاروبار فنانس اسکیم پر تفصیلی بریفنگ دی۔ تقریب میں ڈائریکٹر اسٹیٹ پی ایس آئی سی صبیح ذکا، ریجنل ڈائریکٹر زاہد ملک، بیورو چیف اے آر وائی نیوز پنجاب طارق منیر بٹ، صدر ڈسٹرکٹ کرکٹ ایسوسی ایشن سہیل منیر بٹ، سابق صدر و گروپ چیئرمین رانا ناصر محمود، سابق چیئرمین جی ڈی اے عامر رحمان اور ایگزیکٹو ممبران سمیت صنعتکاروں کی بڑی تعداد شریک تھی۔

# PRESS RELEASE

**Provincial Minister for Industries and Commerce Chaudhry Shafe Hussain Visits Gujranwala Chamber; Inaugurates 5MW Grid Station at Small Industrial Estate IV**

***Gujranwala Chamber Should Initiate Practical Work on Dry Port Project; I Will Personally Secure All Federal and Provincial Approvals: Chaudhry Shafe Hussain***

**GUJRANWALA:** Provincial Minister for Industries, Commerce, and Investment Chaudhry Shafe Hussain paid an official visit to the Gujranwala Chamber of Commerce and Industry (GCCI) and addressed a key session held at the Chamber. Prior to his arrival at GCCI, he formally inaugurated a 5-megawatt grid station at Small Industrial Estate IV—which had remained non-functional for eight years—alongside GCCI President Sheikh Ghulam Hussain Judge, Senior Vice President Muhammad Arshad Mughal, Vice President Rana Muhammad Farhan Asghar, Head Punjab Asia Investment and Cooperation Wahab Tariq Butt, and Managing Director PSIC Mobeen Elahi.

Addressing the session, Chaudhry Shafe Hussain stated that the Gujranwala Chamber should promptly initiate practical work on the Dry Port project, assuring that he will personally obtain all required federal and provincial approvals and documentation. He shared that the Chief Minister of Punjab has approved funds for the rehabilitation and boundary walls of Gujranwala's older industrial estates, while a proposal to launch a commercial area for establishing banks in Estate IV is also under active consideration. He noted that 72 percent of businesspersons have benefited from the Chief Minister's interest-free Asaan Karobar scheme, while following a Memorandum of Understanding (MoU) with the Hong Kong Chamber, Chinese enterprises are relocating to Pakistan, with electric bike assembly plants and EV charging stations to be installed soon. The Minister remarked that numerous public welfare initiatives are underway under Chief Minister Maryam Nawaz Sharif's tenure. Regarding air pollution, he stated that the Punjab government is working vigorously to curb it, urging all industries to dispose of their waste responsibly on their own.

Addressing the gathering, Head Punjab Asia Investment and Cooperation Wahab Tariq Butt made it clear that the culture of mere plot speculation in industrial estates has been abolished, and allotments in the new Gujranwala Industrial Park will be canceled if commercial production does not commence within two years. He also announced allocations for Gujranwala industrialists in Sheikhupura Textile City—which offers zero duty and a 10-year tax exemption—and pledged collaborative industrial park planning with the Chamber.

GCCI President Sheikh Ghulam Hussain Judge termed the inauguration of the grid station at Estate IV a historic milestone and paid rich tribute to Chaudhry Shafe Hussain. He demanded the establishment of a state-of-the-art testing laboratory of international standards in Gujranwala to enable local manufacturers to compete in the global electrical appliances market. He also emphasized providing environmental compliance plants for the metal industry with international institutional support, ensuring basic infrastructure in the industrial park, and launching effective

export financing mechanisms.

During the meeting, Regional Business Head Bank of Punjab Raza Shahid delivered a briefing on the Asaan Karobar Finance Scheme. The ceremony was attended by PSIC Director Estate Sabeeh Zaka, Regional Director Zahid Malik, Bureau Chief ARY News Punjab Tariq Munir Butt, President District Cricket Association Sohail Munir Butt, former President and Group Chairman Rana Nasir Mahmood, former Chairman GDA Amir Rehman, executive members, and a large number of industrialists.